تو حسب ذیل عمل کرے آفت ٹل جاوے گی وہ یہ ہے کہ مرگھٹ میں شراب قند سیاہ

لے کر جائے جب مردہ جل جاوے تب گوڑ چڑھائے اور شراب سے آگ بجھا کر

اُسکا کو بلاے آوے جب ضرورت واقع ہو۔ تب اس کوئلہ کو اور ہڑتال کو نیب کے پتے پر رکھ کر چوکھٹ کے نیچے جہاں کہ آمد و رفت ہو سرنگون گاڑ دے اور آپ زرد کپڑے پہن زرد بستر پر بیٹھے اور ہلدی کی مالا بنا کر منتر جپے زرد رنگ کا کھانا کھائے سات یا تین دن میں مطلب پورا ہوگا منتر یہ ہے اور نگ ہلونگ کلا لکھی سرپ دشنانک یا چنک کونگ بدنگ استمبی جوانگ کیلی سنگ نیا بتی ہلونگ دسواں سواہا مجرب ہے منتر کی خاصیت جاننے کی ترکیب نقشہ



[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

دوازدہ خانہ سے معلوم کرنی چاہیئے اپنا نام اور منتر کے اول حروف نقشہ دوازدہ خانہ مرقومہ بالا میں لکھے اپنے نام کے خانہ سے منتر کا خانہ پہلا پانچواں نواں ہو تو منتر شدہ ہے اور دوسرا چھٹا دسواں ہو تو سادھ ہے اور تیسرا ساتواں گیارہواں ہو تو سدھ ہے اور چوتھا آٹھواں بارھواں ہو تو ار یعنی دشمن ہے اور منتر کی خاصیت چار ہیں دفینہ نظر آنے کا منتر اڑنگ سرہنگ ہرنگ۔ کلنگ سر توکھدو پرنبی نمو چی سواہا ترکیب یہ ہے۔ سیاہ زاغ کی زبان سیاہ مادہ گائے کے دودھ میں جوش دے کر اوس دودھ کو کو جما کر گھی اُسکا نکالکر ۱۰ بار منتر گھی پر پڑھکر آنکھ میں لگاوے یا جو شخص الٹا پیدا ہوا ہو۔ اسکی آنکھ میں کاجل اسی گھی کا پاڑ کر لگاوے دفینہ نظر آوے منتر حصول علم کے واسطے لونگ اینک نمہ د ترکیب یہ ہے۔ اس منتر کو علم حاصل ہونے کی غرض سے سات دن تک سات بار جپے اور سرستی کا بھوجن کیھر کا کرے تو علم جلد آویگا۔ تجارت میں فایدہ دینے والا منتر روانگ برینگ ہرنگ سرہنگ سرہنگ سرہنگ چھمی مم ارے دہن پورے پورے جیتا دودے سواہا ترکیب یہ ہے اس منتر کو ۱۰۸ بار بعد دالوں کر نیکے جپے تو فایدہ ہو ہر روز کیا کرے بہت مجرب ہے فصل بیچ بیان پھڑکنے اعضائے انسان کے۔ ناظرین کتاب کو واضح ہو کہ پھڑکنا اعضاء انسان کا اچھا ہے مگر بعضے کا برا ہوتا ہے۔ پس چاہیئے کہ جسوقت کوئی اعضاء پھڑکے اس کا نیک و بد اس میں معائنہ کرے اگر اچھا پھڑکے شکر خدا کا بجالاوے اور اگر نحس ہو تو صدقہ دے کہ مثل مشہور ہے صدقہ دفع کرے رد بلا پہلا حال پھڑکنے اعضائے سر کا اگر میانہ سر پھڑکے بزرگی

ولعمت بے اندازہ ملے اگر جانب راست پھڑکے جو چاہے سو ملے۔ اقبال غلام اور دولت لونڈی
ہو اگر جانب چپ پھڑکے نقصان بیحد ہو اگر پیشانی پھڑکے سفر پیش ہو مگر تنخواہ بیش ہو اگر گدھے پھڑ
کے نقصان پیش آئے اگر گوش راست پھڑکے روزی غیب سے ملے۔ اگر گوش چپ پھڑکے نقصان
بہت ہو اگر ابروے راست پھڑکے کسی جگہ نوکر ہو جاوے تجارت کرتا ہو تو فائدہ کثیر اٹھاوے اگر
ابروئے چپ یا چشم پھڑکے ورثہ پاوے یا پڑا اگر روپیہ یا مال ہاتھ آوے اگر میانہ دو ابرو پھڑکے فقر
ہو تو تونگر ہو تو فقیر ہو جاوے۔ اگر وہ چشم راست پھڑکے معاً فائدہ ہو۔ اور خوشی از حد ہووے اور
اگر چشم چپ پھڑکے۔ رنج اٹھاوے اور نقصان پیش آوے۔ عورت کیواسطے برعکس سمجھے اگر
اندرون چشم راست پھڑکے خصلت بد نیک ہو جاوے اگر چپ پھڑکے بد ہو جاوے اگر رخسار راست
پھڑکے تندرست ہو جاوے اگر بیمار ہو تندرست ہو جاوے اگر رخسار چپ پھڑکے مرتبہ
مرتبہ بڑا پاوے مقرب بادشاہ ہو اگر ناک طرف راست پھڑکے نقصان پہونچے۔ اور سفر پیش آوے
اور طرف چپ پھڑکے مرتبہ بڑا پاوے۔ مقرب بادشاہ ہو اگر ناک طرف راست پھڑکے نقصان
پہنچے اور سفر پیش آوے اور طرف چپ پھڑکے اندر سے رنج پہنچے مگر دفع جلد ہو جاوے اگر
میانہ بینی کا پھڑکے مژدہ تو حل ہو اگر لب زیریں پھڑکے عزیز یا دوست سفر گیا ہوا ملے اگر ہر دو
لب پھڑکیں دشمن سے مجادلہ ہو۔ اگر زنخدان پھڑکے کوئی عزیز یا دوست یاد کرے اگر گلا پھڑ
کے غذا لذیذ و عمدہ چکھنے میں آئے اگر بازو پھڑکے مرتبہ بزرگ پائے اگر بغل پھڑکے دست
سے رنج ہو اگر کہنی پھڑکے۔ بیماری سخت جلد پیش آئے اگر پشت دست پھڑ چپ پھڑکے دوست
یا عزیز چھوٹے سے ملاقات ہو۔ اگر بغل پھڑکے دولت بڑی حاصل ہو اور مقرب بادشاہ کا
ہو اگر انگلیاں پھڑکیں سفر در خطہ میں آئے اگر پشت بطرف راست پھڑکے قدسے رنج
پیش آئے یا حرص میں مبتلا ہو اگر شانہ راست پھڑکے بادشاہ یا حاکم سے فائدہ اٹھاوے
اگر شانہ چپ پھڑکے عورت مالدار سے فائدہ اٹھائے اگر سینہ پھڑکے غم پیش آوے اگر دل
پھڑکے اندیشہ رنج کا پیدا ہو گا۔ اگر جانب راست پھڑکے دولت پاوے اگر جانب چپ
پھڑکے دشمن پر فتح آوے اگر ناف پھڑکے مرض خفیف میں مبتلا ہو مگر جلد دفع جاوے اگر
زیر ناف پھڑکے دوست سے صدمہ اٹھاوے اگر ران راست پھڑکے یا چپ صاحب جاہ و دولت
ہو یا مالک و حشمت ہو۔ اگر نشیب پھڑکے سفر پیش آئے اگر کف پا پھڑکے سفر پیش
آوے خواہ کم خواہ زیادہ اگر پشت پا پھڑکے مرتبہ ضرور پائے چپ پھڑکے فرزند تولد ہو یا

گھوڑا سواری کو ملے یا راست پھر کے معرکہ جنگ میں جائے مگر پشت یا پھر کے سفر بصورت سفر
ہو اگر بائے چپ پھر آئے مژدہ تازہ یا دولت بے انداز ملے واللہ اعلم بالصواب ۔ فصل ۳ خواص تتھ ہائے

نام تتھ	خواص تتھ ہائے شوکل پکھ کا	خواص تتھ ہائے کرشن پکھ کا
پڑوا	بدرجہ میانہ ہے اور مانع سفر ہے	سب کاموں کو سود مگر مانع سفر ہے
دوج	قطع برید انگرکھہ وغیرہ سفر کو نیک ہے	سب سفر کو نیک ہے
تیج	ایضاً	نصف اول قطع برید پوشاک و سفر کو نیک بد آخر نحس
چوتھ	نصف اول سعد و ثانی ناقص	
پنچمی	قطع و برید نو پوشش و سفر کو نیک	ایضاً
چھٹھ	مانع سفر اور سب کاموں میں نیک	″
ستمی	قطع و برید نو پوشش و سفر کو نیک	″
نومی	مانع سفر	″
دسمی	قطع و بریدہ پوشش و سفر کو نیک	بسبب بھدرا نصف آخر ناقص
اکادشی	نصف اول خوف و نصف اول ناقص	قطع و برید پوشش و سفر کو نیک
دوادشی	قطع و برید پوشش و سفر کو نیک	″
تراودشی		
چودس	شرح ایضاً مانع سفر	نصف آخر بباعث بھدرا ناقص
پورنوں	نصف اول بسبب بھدرا ناقص	اماوش نصف اول بسبب بھدرا ناقص
اماوس	نصف آخر قطع و برید پوشش و سفر کو نیک	و مانع مگر خیرات و اشنان کرنا خوب ہے

فصل ۴ خواص عطسہ کے بیان میں ۔ واضح ہو کہ درمیان کھانے اور سونے کے وقت جو
چھینک ہو تو اسکا خواص نیک ہے اور بلندی کا دوہرہ بھی مشہور ہے دوہرہ چھینک تہائی پر چھینک ہت
کھائے پر چھینک ہے سوئے ۔ کو چھینکت پر گھر نہ جائیے چاہیے سرب سونے کا ہوئے علاوہ اس
کے اگر کسی کو زکام یا نزلہ کے باعث سے چھینک آوے تو اس کا خواص شمار میں نہ آویگا ۔ اگر
بروقت روانگی یا قصد کسی کام کے آواز چھینک کی سنائی دے تو اگر نیک ہو چلا جاوے
اگر بد ہو تو تھوڑی دیر کے بعد جاوے ۔ پس پس کسی نیک و بد دیکھنا منظور ہو تو نقشہ

ذیل سے خواص دیکھے اور اُسکے موافق عملدرآمد کرتا رہے کبھی کسی کام میں نقص نہ اُٹھائیگا اور وہ چھینک کہ جو بباعث بتی رکھنے کے آوے اُسکا خواص کچھ نہیں ہے۔

نقشہ یہ ہے جو آگے آتا ہے

یوم	پورب	ایسان	اُتر	بائب	پچھم	نیرت	دکھن	کن کون
جمعہ	مقصد سرداری ہو	لالچین نفع ہو	اتمام کام ہو	نقصان ہو	رنج ہو	کام بخوبی ہو	ملاقات دوست ہو	نقصان نہ ہو
شنبہ	فکر ہو	فایدہ ہو	ملاقات درست ہو	تکلیف ہو	نقصان ہو	مردہ نظر آئے	مطلب بر آوے	رنج پیدا ہو
یکشنبہ	نقصان ہو	دوست سے ملاقات	فکر ہو	نقصان ہو	تکلیف ہو	تکلیف ہو	حصول مقصد ہو	ملال ہو
دوشنبہ	فایدہ ہو	نقصان ہو	ملاقات درست ہو	حصول مقصد ہو	رنج ہو	حصول مقصد ہو	رنج حاصل ہو	فایدہ ہو
سہ شنبہ	دشمن سے مقابلہ ہو	دوست سے ملاقات ہو	کام انجام ہو	نقصان ہو	رنج ہو	فایدہ ہو	خوف ہو	"
چہارشنبہ	خوشی ہو	ملاقات دوست ہو	حصول مقصد ہو	"	خوف ہو	رنج ہو	خوشی ہو	حصول مطلب ہو
پنجشنبہ	دوست سے نفاق ہو	مضحت بسیار ہو	خوشی ہو	"	رنج ہو	خوشی ہو	تکلیف ہو	ملاقات درست ہو

فصل خواص جسمی کے بیان میں اول سر کلان علامت سرداری ہے سر میانہ دلیل عقل سالم سر دراز دلیل نکبت و افلاس ہے سر کجی دلیل ہونے فسق و فجور ہے سر چھوٹا دلیل کم حوصلگی ہے اور بال سیاہ و باریک دلیل بسرخی دلیل عیش و آرام ہے و بال کوتاہ علامت چور ہونیکی ہے بال ہال برنگ طلا ہونا دلیل و دولت دور ہونیکی ہے اور بال داڑھی کے دراز ہوں دلیل فراخی نعمت کی ہے بال داڑھی کے سخت و گندہ ہونا دلیل کم عقلی ہے بال داڑھی کے بھرے ہوئے دلیل بزرگی ہے بال داڑھی کے کوتاہ ہونا دلیل افلاس ہے سوم پیشانی مثل بادر کے ہونا دلیل بادشاہت پانیکی ہے پیشانی کشادہ و بلند دلیل بلند اقبالی ہے پیشانی ہموارہ چمکتی ہوئی دلیل مقدس ہونیکی ہے پیشانی خورد و مثل صدف کہیونی دلیل نکبت و افلاس ہے اور پیشانی اونچی و بے خوار ہونا دلیل کم عمری کی ہے اور دلیل پیشانی بر بع علم ہے اور پیشانی چوڑی ہونی دلیل مکاری ہے اور پیشانی باریک ہو دلیل خست و کم حوصلگی ہے اور اگر پیشانی پر پانچ خط ہوں عمر سو برس کی پائے اور اگر چار خط ہوں عمر ۸۰ برس کی پاوے اگر تین خط ہوں عمر ۷۰ برس کی پاوے اور اگر دو خط ہوں عمر ۶۰ برس کی ہو اور اگر ایک خط ہو بیس اور چند سال زیادہ کی ہو چہارم ابرو ابرو ہلالی دلیل زیادتی ہو ابرو سخی ہونیکی ہے ابرو کشادہ دلیل نیک خو ہونیکی ہے۔ ابرو باریک دلیل بزرگوار ہونیکی ہے ابرو درست بزرگ دلیل

چور ہونیکی ہے اور چین بر جبین ہونا دلیل پُر غضب ہونیکی ہے اور اگر ایک ابرو چھوٹی اور ایک بڑی بارہ
پارہ ہو نشان افلاس ہے پنجم آنکھ مثل ہرن کے ہونا دلیل محبوب ہونیکی ہے پیچ آنکھ خلائق کے ہے
بیاض چشم کی مائل بزردی ہونی دلیل زیادتی مال اور منال کے ہے گوشہ آنکھ کے سرخ ہوتے
دلیل شجاعت و بہادری کی ہے آنکھ مخمور ہونے دلیل دانشمندیکی ہے۔ آنکھ نشیلی ہونی دلالت
دولت ور ہونیکی ہے آنکھ کرنجی ہونی دلیل بے مروتی کی ہے آنکھ مثل بادام کے ہونی علامت زیادتی
شہوت کی ہے دونوں آنکھ سے نابینا ہونا علامت بے ایمانی کی ہے ششم مژگان مژگان
دراز سخی ہو اور مژدہ خورد و زرد ہو اور میانہ نیک خصلت ہو ہفتم چہرہ چہرہ مثل بدر فولاد کے
مصفا درخشندہ ہونا نشانی زیادتی اقبال و اموال کی ہے رنگ چہرہ کا زرد ہونا علامت
تیز طبع و دانشمند ہونیکی ہے گندمی رنگ مائل بسرخی ہونا علامت شادمانی و خوشی کی ہے
رنگ چہرہ کا شیلجی ہونا علامت سستی و کاہلی کی ہے۔ رنگ چہرہ کا مائل بہ تیرگی زیادتی خفقان و کم
عقلی کی ہے رنگ چہرہ کا مائل بسرخی ہونا نشان محبت زیادہ کرنے عورت کے ہے اور نقشہ
چہرہ کا مثل آہو و موش کے ہونا دلیل نکبت و افلاس کی ہے اور نقشہ چہرہ کا گول ہونا دلیل کمال اقبال
ہے اور چہرہ لمبا ہونا علامت دانشمندی کی ہے اور چہرہ ٹھگوٹا ہونا نشانی شرارت و حماقت
کی ہے۔ اور چہرہ گنج ہونا دلیل گنج بختی کی ہے اور چہرہ چوڑا ہونا دلیل زیادہ دولت ہے ہشتم
رخسارہ نیچا ہونا نشانی زیادتی تماشہ بینی کی ہے۔ رخسارہ مثل پلنگ و شیر و بیل ہونا دلیل کثرت
اولاد کی ہے رخسارہ کم گوشت کا ہونا دلیل دیانت و باعلم ہونے کی ہے نہم لب سرخ مثل مرجان دلیل
بادشاہ ہونیکی ہے۔ لب موٹے ہونا دلیل صفائیت ہے لب پتلی ہونا دلیل دانشمند ہونیکی ہے۔ لب مثل
صدف کے ہونا دلیل وزارت یا مختار یکی ہے۔ دہم دندان دانت مثل موتی کے آبدار سفید دلیل باہیبت و وقعت
اور حکومت پانیکی ہے اور دانت سیپ کے سفید ہونا دہن دندان نرم گوشت نشانی یار باش
ہونے زیادتی احباب ہونیکی ہے دانت مثل بندر و گیدڑ چوہے و شیر و گربہ کی نشانی افلاس ہے
اگر دانت ۲۷ ہوں روزی مشقت سے پاوے اور اگر ۲۹ ہوں عقلمند کہلاوے اور اگر ۳۱ ہوں
زیادتی مال و عیال رکھتا ہو اگر ۳۲ ہوں علم و فضل سے بہرہ وافی رکھتا ہو اور اگر دانت پراگندہ
ہوں نشانی جمعیت ہے یازدہم زبان سرخ مانند برگ نیلوفر کے اور نوکدار ہے نیک طالع و خوش
لقمہ ہونے کی ہے۔ زبان سفید ہونا مت ہے ہر روز لذیذ کھانے میں آوے زبان سیاہ ہونی خلق
کی برائی چاہے۔ زبان نیلی ہونی دلیل دانشوریکی زبان موٹی ہونی دلیل حماقت بے عقلی کی ہے


دوازدہم زنخ زنخ بلند ور دولت علامت ہے زنخ ملتی یعنی افلاس کی ہے زنخ چھوٹی علامت دور ہونیکی ہے سیزدہم حلق پرگوشت ہونا نشانی دولت کی ہے حلق کم ولمبا ہونا علامت خوش الحانی ہے چہاردہم بڑے ناک کا ہونا دلیل افزون شہوت وغیرت کی ہے اور چھوٹے ناک بالعکس اسکے اور ناک متوسط دلیل افزونی فہم ذکا ہے اور لمبی ناک کا آدمی خوش بیت فراخ حوصلہ ہوتا ہے و زنخ ناک کا آدمی و باریک شخص کا آدمی و چوڑی نتھنے کا آدمی مفلس ہو پانزدہم گوش گوش دراز کا آدمی فہیم و دانشمند ہو۔ اور چھوٹی کا بالعکس اس کے ہے اور متوسط کا دولتمند اور کان کی لو موٹے کا آدمی اور امیر پتلی لو کا آدمی مفلس و بیوقوف شانزدہم گردن گردن دراز کا آدمی دلیل نیک نیتی ہے۔ اور گردن صراحی دار دلیل بادشاہی وحکومت ہے اور گردن گاؤمیش کے ہو امیر لشکر ہو اور اگر گردن مثل آہو ہو نشان پانے شہادت کا ہے اور اگر گردن مثل خر ہو نشانی حماقت کی ہو اور اگر گردن مثل شیر کے ہو۔ نشانی ہونے حاکم کی ہے اور اگر گردن مثل ماہی کے ہو حسرت ہے ہفدہم سینہ سینہ کشادہ پر موئے دلیل محصول عرفان ہے سینہ بلند اور چوڑا ہونا دلیل بلند اقبالی ہے سینہ پست قد ہونا دلیل افلاس ہے۔ شانزدہم دست ہاتھ مثل شوخ ہونا دلیل اقبال مند ہونیکی ہے۔ ہاتھ لمبے ہونا دلیل حماقت ہے ہاتھ متوسط ہونا دلیل زیادتی عقل ہے ہاتھ چھوٹے ہونا دلیل بخیل ممسک ہونیکی ہے ہفدہم ناف عمیق پرگوشت ہونا دلیل اقبال ہے و موجب زیادتی اموال وناف عمیق وکم گوشت دلیل افلاس ہے۔ ہیجدہم کمر کمر باریک مثل ہرن کے علامت ہونے سرداری و دولت کی ہے۔ کمر موٹی ہونا علامت افزونی اولاد کی کمر ہے مثل گھوڑے کے کے ہونا علامت مشقت و پریشانی کی ہے نوزدہم ران مانند ہرن کی دلیل مملکت ہے۔ ران پرگوشت موجب زیادتی اولاد کی ہے اور ران مثل مور کے پریشانی کا سبب ہے بستم پاؤں چمکتا ہوا سبب دوام بانی سواری کا ہے پشت مثل پشت سنگ کے دلیل مارے پھوٹنے کی ہے انگشت باریک ہے ونیکی دلیل اقبال ہے وانگشت پاگندہ وکج وچھوٹی نشانی افلاس ہے اور جسکی انگلی انگوٹھی کی بڑی ہو اسکی روشادی ضرور ہوں بست و یکم ناخن سرخ مثل شنگرف وگول مثل بدر علامت شاہی کی ہے۔ وناخن ہلالی و درخشندہ مثل ہیرے کے علامت وزرائی کی ہے اور ناخن سفید مثل سیپ کے ہونا اور لمبی ہونا علامت دولتمند ہونیکی ہے اور ایمان دار بھی ہوتا ہے اور ناخن سیاہ نشانی بے ایمان کی ہے بست دوم گفتن اگر انگشت میانہ تر انگشت سے دراز ہو حاکم کا ہمراز ہے بست و سوم رفتار مثل ہاتھی کے دلیل حکمرانیکی ہے اور رفتار مثل زاغ دلیل علامت افلاس ہے اور رفتار مثل شتر گاؤمیش و خوک

دختر علامت کم ہنر کی ہے **فصل ۱۶ فالنامہ مولف خواجہ حافظ شیرازی** - جو شخص اپنا حال نیک و بد معلوم کرنا چاہے وہ صدق دل سے اس نقش پر انگلی رکھے پس جس خانہ پر انگلی جا پڑے وہ حرف علیحدہ کاغذ پر لکھے پھر اس خانہ سے چار خانہ تک چھوڑ دے اور پانچواں خانہ کا حرف لکھے اسیطرح چار چار طرح کرتا جاوے پانچواں لکھتا جاوے اور جو حرف کہ حاصل ہوں اُن کو حرف سابق سے ملاکر جمع کرے پس ایک مصرعہ جواب مفصلہ ذیل سے نکلیگا۔ اسکو فال غیبی تصور کرنا چاہئیے **اشعار حافظ شیرازی**

اول دریں فال بیشک شوی بہرہ ور ٭ ولیکن مدشواری سخت تر ٭ دوم کار برآید دریں فال البتہ کام ولیکن بہ محنت تردد تمام ۔ سوم ترا کام نیکو میسر شود ٭ کہ شاہد مطالب تو بر در بود چہارم تو یابی دریں فال مطلب شتاب ٭ جواب با تو گویم جواب ٭ اور واضح ہو کہ یہ فالنامہ نہایت صحیح اور مشہور ہے ۔ اللہ چاہیے کہ جسوقت دیکھنے بیٹھے نہا دھو کر اور پاک و صاف ہو کر کچھ شیرینی کی قسم میں سے کھاوے پر بہت خیال سے کہ کسی دیگر طرف طبیعت اسوقت منتشر نہ ہووے مطلب دلکا بخوبی تمام رکھے اور وقت صبح فال دیکھنا بہت اچھا ہوتا ہے ۔ یا وقت شام کا بھی نیک ہے **فالنامہ حافظ شیرازی یہ ہے**

ط	ب	ک	ج	ر	ر	ہ	ر	ی	ا
س	ا	ن	ی	ا	ب	ف	ز	ی	ہ
ا	د	د	م	ن	ز	م	ی	ب	ی
ہ	ن	ی	ن	ا	ب	ش	ف	ن	ا
ک	ا	ب	ف	ش	ل	ب	د	د	ا
د	ک	ی	ل	د	د	ب	ب	ر	ی
ش	د	و	ا	و	ا	ر	پ	د	ب

فالنامہ دیگر واسطے دیکھنے اس امر کے کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی ہوگی بطریق ہندسہ یہ چاہیے کہ جس عورت کو حمل ہووے وہ اپنے ہاتھ سے آنکھ بند کر کے اس نقش پر انگشت رکھے اگر ایک ہندسہ پر رکھے لڑکا ہوگا اسیطرح اگر جفت کے ہندسہ پر انگشت ہے تو لڑکا سمجھنا چاہیئے اگر طاق پر انگشت رکھے لڑکی ہوگی۔



فالنامہ دیگر مہاراج سری گورکھ ناتھ جی

ناظرین کتاب کو واضح ہو کہ یہ فالنامہ نہایت عجیب و غریب بطریقہ رمل ہے ۔ اکثر یہ فالنامہ مصنف کتاب کے امتحان میں رہتا ہے نہایت صحیح و درست پایا ہے طریقہ یہ ہے کہ پانسہ جسکی چار طرف حروف ابجد لکھے ہوں۔

تیار کرے اور اول ایک پانسہ سری مہاراج کے نام ڈالے اللہ اسکا حروف جو کچھ شمار میں لاوے اور بعد ازاں مطلب دل پر تین بار پانسہ مذکور ڈالے اور جو کچھ کے حرف پڑیں اُن کو لکھتا جائے اور حروف ہائے نقشہ ذیل سے مطابق کر کر تعبیر اُس کی دیکھے نقشہ ذیل ہے

اول ۱	دویم ۲	سویم ۳	چہارم ۴	پنجم ۵	ششم ۶
ااا	اج د	اد ب	او ہ	اب و	ا د ا
ہفتم ۷	ہشتم ۸	نہم ۹	دہم ۱۰	یازدہم	دوازدہم ۱۲
اا ب	اب ا	اج ب	اا و	اا ج	اج ج
سیزدہم ۱۳	چہارم دہم ۱۴	پانزدہم ۱۵	شانزدہم ۱۶	ہفتدہم ۱۷	ہژدہم ۱۸
اب ب	او ج	اج ا	اب ج	ب ب ب	ب ب ا
نوردہم ۱۹	بستم ۲۰	بست ویکم ۲۱	بست ودویم ۲۲	بست سویم ۲۳	بست وچہارم ۲۴
ب ب ج	دب ج	ب ج و	ب ب و	ب دو	ب ج و
بست وپنجم ۲۵	بست وششم ۲۶	بست وہفتم ۲۷	بست وہشتم	بست ونہم ۲۹	سی ام ۳۰
ج ب دن	ب ج ا	ب اب	ب د ا	ب ا ج.	ب اا
سی ویکم ۳۱	سی دوم ۳۲	سی وسوم ۳۳	سی وچہارم ۳۴	سی وپنجم ۳۵	سی وششم ۳۶
ب او	ب ج ج	ج ج ج	ج ل و	ج ب د	ج د ج
سی وہفتم ۳۷	سی وہشتم ۳۸	سی ونہم ۳۹	چہل ۴۰	چہل ویکم ۴۱	چہل ودویم ۴۲
ج اج ب	ج ب ج	ج ا ب	ج ج ا	ج د ب	ج اد
چہل وسویم ۴۳	چہل وچہارم ۴۴	چہل وپنجم ۴۵	چہل وششم ۴۶	چہل وہفتم ۴۷	چہل وہشتم ۴۸
ج ج ب	ج ب ب	ج دو	ج د ا	ج ب ا	ج اا
چہل ونہم ۴۹	پنجاہ ۵۰	پنجاہ ویکم ۵۱	پنجاہ ودویم ۵۲	پنجاہ وسویم ۵۳	پنجاہ وچہارم ۵۴
دود	دج د	دو ج	دب ب	دج ا	دوا
پنجاہ وپنجم ۵۵	پنجاہ وششم ۵۶	پنجاہ وہفت ۵۷	پنجاہ وہشتم ۵۸	پنجاہ ونو ۵۹	شصت ۶۰
داد	دج ب	دد ب	دا ج	دب و	دج ج

شصت و یک ۶۱	شصت و دوم ۶۲	شصت و سہ ۶۳	شصت و چہارم	۰	۰
دب ا	د ا ا	دب ج	د ا ب	۰	۰

اوّل ا ا ا ای خداوند فال جو کچھ کہ چاہتا ہے۔ کام تیرا بخوبی سرانجام ہوگا دوم ا ج د ای
خداوند فال یہ کام تیرا بہت مشکل ہے ہرگز نہ ہوگا۔ سوم ا دب۔ ای خداوند فال جو کچھ کہ
چاہتا ہے تو خاطر جمع رکھ کام تیرا بخوبی سرانجام ہوگا چہارم ا و د۔ اے خداوند فال جسجگہ کہ جانا چاہتا
ہے۔ جا کام تیرا بخوبی حاصل ہوگا۔ پنجم اب و۔ اے خداوند فال جو کچھ کہ خیال کیا تو نے یہ کام
ہرگز نہ ہوگا۔ ششم ا د ا۔ اے خداوند فال جو نیت کہ کی تو نے خاطر جمع رکھ فایدہ اٹھائیگا اندیشہ مت
کر ہفتم ا ا ب اے خداوند فال جو کچھ کہ تصور کیا تو نے تیری تئیں بہت فایدہ حاصل ہوگا سب طرح
سے حرمت پائیگا اور ملاقات دوستوں اور عزیزوں سے خوش ہوگا ہشتم ا ب اے خداوند فال یہ کام
تیرا بہت مشکل ہے دیر میں سرانجام ہوگا۔ توکل سری مہاراج پر رکھ نہم ا ج ب اے خداوند فال جو
کچھ تصور کیا تو نے یہ کام نیک ہے الا دیر میں سرانجام ہوگا۔ اور جس کو تو نے چاہا ہے۔ وہ ہاتھ آئیگا
بلکہ کوئی مشکل نہ پیش آئیگی مگر فضل سری مہاراج سے انجام ہو جائیگی خاطر جمع رکھ دہم ا ا۔ اے خداوند فال
یہ خیال تیرا نیک ہے الا کچھ صدقہ دے کام انجام ہوگا۔ یازدہم ا ا ج۔ اے خداوند فال یہ خیال
تیرا تدبیر سے حاصل ہوگا۔ مخالف تیرے اس کام میں بہت ہیں الا کام تیرا آراستہ ہے نظر
اوپر سری مہاراج کے رکھ دوازدہم ج اے خداوند فال جو تو نے تصور کیا ہے وہ شخص تجھ
سے ملاقی ہو اور مراد تیری حاصل ہوگی سیزدہم ا ب ب اے خداوند فال یہ خیال تیرا
ہرگز نہ ہوگا تاوقتیکہ تدبیر اس کی بخوبی نہ ہوگی چہاردہم ا و ج۔ اے خداوند فال جو نیت
کہ کی تو نے فایدہ بہت تجھے حاصل ہوگا۔ اور شخص تیرے لائق ہوگا۔ اس سے فایدہ
تو اس میں بہت پائیگا توکل سری مہاراج پر رکھ اور ورد اپنا ہر روز کسی کے مت ظاہر
کرنا خاطر جمع رکھ پانزدہم ا ج اے خداوند فال جو خیال تیرا ہے یہ کام زود
حاصل ہوگا۔ نظر اوپر فضل سری مہاراج کے رکھ شانزدہم ا ب ج اے خداوند
فال کام تیرا سرانجام ہوگا۔ کچھ اندیشہ مت کر ہفتدہم ب ب ب اے خداوند
فال جو کچھ کہ تیرا خیال ہے۔ سرانجام ہوگا۔ لیکن راستہ میں خطرہ بھی ہے اُن
سے تجھے لازم ہے کہ غافل نہ ہوئے ہر وقت آمد و رفت کے یہ کام حاصل ہوگا

ہشتدہم ب ب ا اے صاحب فال ارادہ جانیکا جو کسی جگہ کا رکھتا ہے۔ تو ہرگز مت جا نقصان سراسر انجام ہوگا اور پریشان بہت ہوگا۔ نوزدہم ب ب ج ابجداوند فال جو کچھ کہ مراد چاہتا ہے نیک ہے دل قوی رکھ ایک شخص از غیبی ملاقی تیرے سے ہوگا اس سے تیرے تئیں فائدہ بہت پہونچیگا اسکو تو اپنا دوست شمار کر یو بالفضل سری مہاراج کام تیرا انجام ہوگا بستم ب د ب ا بجداوند فال جو وہم کہ رکھتا ہے تفکر اور اندیشہ کر مت ایام منحوس تیرے گذر گئے اور اب نیک آئے ہیں لیکن مخالف تیرے بہت ہیں دشمن کو اپنا دوست جان افضل سری مہاراج کام انجام ہوگا بست ددوم ب ب ا ابجداوند فال یہ اندیشہ کہ کیا تو نے بہت مشکل ہے کام تدبیر سے انجام ہوگا۔ توکل شری مہاراج پر رکھ سرانجام پاویگا بست وسوم ب ب د ابجداوند فال جو مطلب کہ دل میں رکھتا ہے۔ تو فکر مت کر سابق تجھے تصدیعہ بہت ہوا۔ اب ایک شخص غیب سے ملاقی ہووے تو اس میں سے فائدہ بہت دیکھیگا سوائے اسکے دوسری توقع مت کر کسواسطے کہ چند آدمی تجھ سے ملینگے جو کچھ تو کریگا بہتر ہوگا بست وچہارم ب ج د ابجداوند فال جو خیال تو نے کیا ہے نیک ہے بشوق تمام جاہ دولت پاوے گا۔ بست وپنجم ب ا و ج ابجداوند فال جو کچھ کہ تو چاہتا ہے یہ کام بہت مشکل ہے۔ ہرگز نہ ہوگا۔ دشمن تیرے اس کام میں بہت ہیں۔ پرستش مہادیو کی کر کام انجام ہوگا۔ بست وششم ب د ج ابجداوند فال مقصد تیرا بخوبی حاصل ہوگا۔ نظر اسکی سری اوزح کی رکھ ایام تیرے نیک آوے عیش و آرام نصیب ہوگا بست وہفتم ب ا ب ابجداوند فال کار تیرا خوب ہوگا۔ مگر وہ اندیشہ مت کر بعضے نزد دو پیش ہیں نظر اوپر نفس سری مہاراج کے رکھ کام تیرا سرانجام ہوگا۔ بست وہشتم ب و ا بجداوند فال دشمن تیرے اول خندہ ہونگے پھر دوست ہو جائیں گے بست ونہم ب ا ج ابجداوند فال مطلب تیرا مشکل ہے جیسے کہ کشتی دریا میں غرق ہوتی ہے ویسا ہی کام تیرا ہے اگر سری مہاراج فضل کریں کام انجام ہوگا۔ وگرنہ اس ارادہ سے باز آ سی ام ب ا یہ کام تیرا بہت اشکال ہے جیسے کہ مچھلی پانی سے جدا ہو کر بیقرار ہوتی ہے۔ ویسا ہی کام تیرا ہے چند بار صدقہ دے کر سری مہاراج سے سرانجام پاوے گا۔ اور جس جگہ کہ جانیکا ارادہ ہے موقوف رکھ وہ کام ہرگز نہ ہوگا اسی طرح جب کہ ایک شخص غیب سے تیرا ملاقی ہوگا اس سے تجھے فائدہ بہت ہے گا سی ویکم ب ا د ی

خداوند فال جو کچھ تو چاہتا ہے یہ کام محض بے تدبیر ہے اور کسی جگہ جانے کا جو تو ارادہ رکھتا
ہے ہرگز مت جا ابھی دن تیرے اور نحوس باقی ہیں ۔ نظر اوپر مشتری کے رکھ سب کام انجام
ہوں گے سی و دوم ب ج ج ایخداوند یہ فال تیری بہت نیک ہے تیرے تئیں بہت
آرام ہے گا ۔ جیسا کہ آفتاب دن بدن روشنی پذیر ہوگا ۔ ایام تیرے بہتر آئے ہیں عیش و آرام
پائیگا کچھ اندیشہ مت کر خاطر جمع رکھ مشکل آسان ہوگی سی و سوم ج ج ج ایخداوند فال
یہ کام بہت آسان ہوجائیگا اور مقصد تیرا بر آئے گا سی و چہارم ج ج ا ای خداوند فال جو
مطلب کی چاہتا ہے تدبیر سے کام کر ایام نحوس تیرے منقضی ہو چکے اب نیک آئے ہیں
اضطراری فکر و اندیشہ کو راہ مت دے سی و پنجم ج ب ولے خداوند فال جو خیال کہ
تیرا ہے بخوبی ہوگا خاطر جمع رکھ لیکن راستہ میں خطرہ ہے دشمن کا تیرے صدقے سے
آفات دفع ہو جاوینگی سی و ششم ج د ج ایخداوند فال یہ فال ساتھ تدبیر کے ہوگی شب و روز
یاد خدا کیا کر اگر نصیب میں ہے تو پاویگی ورنہ اس سے باز آ سی و ہفتم ج ج ب ایخداوند
فال جو کچھ کہ چاہتا ہے تو یہ کام نیک ہے خاطر جمع رکھ سی و ہشتم ج ب ج ایخداوند
فال بعد انقضائے چند ایام کی یہ کام سرانجام پاویگا سی و نہم ج ا ب ایخداوند فال اس
کام میں مخالف تیرے بہت ہیں جو کہ تیرے دل میں ہے اس سے پرہیز رکھ ۔ بفضل تیرا
بخوبی انجام ہوگا چہل ج ج ج ای خداوند فال جو کچھ خیال تو نے تیرے تئیں دولت و
راحت ملیگی چہل و یکم ج د ب ایخداوند فال تیرے تئیں راحت و آرام پہنچیگا ۔ اور فائدہ
بخوبی حاصل ہوگا اندیشہ مت کر خاطر جمع رکھ چہل و دوم ج د ایخداوند فال
یہ کام تیرا ہرگز نہ ہوگا اس کام میں توقف بہت ہے چہل و سوم ج ج ب ایخداوند
فال اس کام میں توقف ہے ارادہ جس جگہ جانے کا رکھتا ہے موقوف رکھ کام تیرا بہت
مشکل ہے ملاقات دوست سے کچھ اندیشہ نہیں شاید مقصود بر آوے چہل و چہارم
ج ب ب ایخداوند فال جو نیت کہ تو کرتا ہے یہ تدبیر نیک ہے کام تیرا ساتھ تدبیر کے
ہوگا ۔ چہل و پنجم ج د ای خداوند فال یہ کام نیک ہے پہلے کچھ نقصان ہو اور پھر
فائدہ بہت ہوگا ۔ چہل و ششم ج د ا ای خداوند فال جو نیت کہ تو کرتا ہے مشکل ہے
جلد نہ ہوگی چہل و ہفتم ج ب ا ای خداوند فال یہ کام ساعت بساعت مشکل ہے
ہرگز نہ ہوگا پرستش آفتاب کی کہ شاید مدعا حاصل ہو چہل و ہشتم ج ۱۱ ای خداوند فال

یہ کام بہت مشکل ہے کسواسطے کہ دشمن تیرا بہت بد ہے دل اسکا بیچ ہاتھ لا اور اور پرستش آفتاب کی کر تو مدعا حاصل ہو چہل و نہم دو د۔ ای خداوند فال یہ کام ہرگز نہ ہوگا اور دن بدن دولت پائیگا پنجاہ د ز ج د۔ ای خداوند فال ارادہ جانیکا جسجگہ کہ تو رکھتا ہے بخوشی جا فایدہ حاصل ہوگا پنجاہ و یکم د د ج ای خداوند فال وہ چیز جو تیرے لائق نہیں اس کام میں مخالف تیرے بہت ہیں۔ پنجاہ و دوم د ب ب ای خداوند فال اس کام میں رخنہ ہے ملاقات اپنی سے کر کام انجام ہو اور پرستش آفتاب کی کیا کرے پنجاہ و سوم د ج ای خداوند فال جس کام اندیشہ کیا تو نے نیک ہے یہ کام کسی دوست تیرے سے انجام ہوگا لیکن پرستش آفتاب کی کر پنجاہ و چہارم د دا۔ ای خداوند فال تیرے تئیں آرام ملیگا اضطرابی مت کر صدقہ دے اور پرستش سری مہاراج کی کر پنجاہ و پنجم دادا۔ ایخداوند فال یہ کام بہت مشکل ہے ساتھ تدبیر کے ہوگا پنجاہ و ششم د ز ج ب ایخداوند فال اشتیاق ملاقات جس کا کہ تو دل میں رکھتا ہے البتہ تو ملاقی ہوگا اور اس سے فایدہ ہوگا پنجاہ و ہفتم د د ب ایخداوند فال جو نیت کہ رکھتا ہے ہرگز نہ ہوگی اب ایام تیرے منحوس آئے ایک برس تک تکلیف رہیگی۔ لیکن فصل سری مہاراج پر نظر رکھ بعد انقضائے ایک سال کے ایام موافق ہونگے پنجاہ و ہشتم وا ر ج ایخداوند فال یہ کام بہت حاصل ہوگا فکر مت کرو اور رنج کو راہ نہ دے آرام پائیگا پنجاہ و نہم د ب و ای خداوند فال دولت آرام پائیگا نظر اوپر مہر و کرم کے رکھ شصت د ز ج ایخداوند فال ہر کام میں بہت دولت اور آرام پائیگا۔ اور خزانہ اور راز غیب تجھے حاصل ہوگا شصت و یکم د ب ا اے خداوند فال جو نیت تو نے کی میسر ہوگی اور خیال جانے کسی مقام کا جو تو رکھتا ہے موقوف رکھ نقصان ہوگا شصت و دوم د ا ا اے خداوند فال جو تصور تیرا ہے خوب ہے۔ البتہ راحت ہوگی شصت و سوم د ب ز ج اے خداوند فال اس صورت میں تجھے آرام ملیگا تو جو کچھ چاہتا ہے حاصل ہوگا شصت و چہارم د ا ب ای خداوند فال جو کچھ کہ پوچھا تو نے یہ کام نیک ہے البتہ فایدہ ہوگا۔

فصل بیان حال اسارِ مدیک میں

واضح کہ بارہ برس کی عمر تک ہاتھ دیکھنا کا اعتماد نہیں ہوتا ہے۔ مرد کا دہنا ہاتھ

اور عورت کا بایاں ہاتھ دیکھنا چاہیئے قاعدہ ۳۲۔ خط ہر ایک آدمی کے ہاتھ میں ہوتے
اور ہر ایک کے خط ہر ایک سے نہیں ملتے۔ جداگانہ روش پر ہوتے ہیں۔ پس ان خطوں
اور اکاروں کا حال بہت بڑا ہے یہاں وہ علامتیں جو عام فہم ہیں لکھی جاتی ہیں سرخ
ہتھیلی کم خط خط باریک و خوشنما ناخن نورو و صاف و سرخ و سر انگشت باریک اور جب
انگلیاں سیدھی اور برابر کہ سوراخ درمیان میں ہوں بادشاہت ہے اور زرد ہتھیلی کی
دلیل ایماندار ہونے کی ہے اور ہتھیلی کلاں اور بدشکل علامت افسوس ہے اور رنگ زرد
کم علامت چوری کی ہے اور انگلیاں سیدھی علامت زیادتی طاقت کی ہے و پنجہ باریک علامت
دستکاری کی ہے اور بلند انگلیاں علامت دولتمند ہونیکی ہے اور کوتہ انگلی علامت حماقت
و باریک انگلی علامت عقلمند ہونیکی ہے اور شناخت لکھا یعنے خطوط کی جبکہ سر انگشت میں دلیل
حکومت ہے اور سبلوں انگلیوں میں دلیل سلطنت کی ہے اور قوس دلیل ایمانداری کی
ہے اور خلاف علامت افلاس ہے اور گل علامت دستکاری ہے اور زمین جو ہر ایک کی
نرانگشت پر ہوں جو جو ہر متعلق ایک نیت کا ہے اگر جو اول بڑا ہے دلیل گذرنے اور اوائل
عمر میں تکلیف کی ہے اور اگر جو موٹا ہے دلیل گذرنے عمر کے ساتھ تکلیف و پریشانی کے ہے
اور جتنے خط بڑے ہوں اتنے بھائی ہوں اور جتنے چھوٹے ہوں اتنے ہی بہنیں ہوں۔ باتنا
کا ہاتھ اکار ہونا دلیل دولتمندی کی ہے اور خط انگشتان کے جو نیچے ہوتا ہے جتنا بڑا ہوگا اتنی ہی
عمر زیادہ ہوگی اگر شمشیر کا اکار ہاتھ میں نشان ہو دلیل جوانمردی کی ہے ہلال کا جسکے ہاتھ میں
اکار ہو دلیل ترقی مال ہے چتر کا جسکے ہاتھ میں نشان ہو دلیل سلطنت پانیکی ہے جسکے
ہاتھ گل نیلوفر ہو دلیل فرقی عمر و دولت ہے جس کے ہاتھ میں گاو میش کا نشان ہو علامت
زمینداری کی ہے کمال علامت شجاعت کی ہے چبوترہ کا اکار دلیل سعادت کا ہے ہاتھی
اور گھوڑے کا اکار دلیل غالب رہنے اوپر دشمن کے ہے گار سی کا اکارہ ہونا علامت
تجارت کرنے کی ہے خط مسلسل شل مسمور ہونا دلیل کھانے طرح طرح کی ہے تاج دلیل
سلطنت پانے کا ہے۔ تیر ادل دلیل سفر بہت کرنے کا ہے دوات کا اکار ہاتھ میں ہونا دلیل
ملازم ہونا منشیوں میں یا وزیر یا مختار عالم ہونیکی ہے اور کرسی اور تخت و پلنگ چوکی وغیرہ کی
اکار ہے ہمیشہ آرام و عیش میں گذرنے کی ہے موش کی صورت کا اکار ہے علامت
چور کی ہے تسبیح علامت قوی پرہیزگاری کی پس جاننا چاہیئے کہ یہ خط اور عورتوں کے ہاتھ

ہوتے ہیں تاوقتیکہ اس کے مشتاق بہم نہ پہنچے کوئی نہیں دیکھ سکتا ہے اسکا بھی قاعدہ کہ بغیر اسکے سیکھے ہاتھ دیکھنا سمجھ میں نہیں آتا اور وہ قاعدہ لکھنے کے لائق نہیں۔ تاوقتیکہ کوئی اسکو روبرو نہ بتادے اور ہاتھ رکھ کر نہ سمجھادے فہم میں نہیں آسکتا ہے اگر کوئی شخص اس میں مشتاق بہم پہنچاوے تو مشہور آفاق ہو۔

فصل بیان تعبیر نامہ خواب میں ۱

اشرفی پانا	فرزند ارجمند ہاتھ لگے نفع تجارت سے بہرہ مند ہو
اونچی جگہ پر چڑھنا	رتبہ بلند ہو نہایت خورسند ہو
انار ترش کھانا	مفلسی میں مبتلا رنج کا سامنا ہو
انار شیریں کھانا	معشوق سے ملاقات مال حاصل دولت لازوال ہو
انجیر کا پیڑ دیکھنا	باعث پریشانی ہے اندیشے کی نشانی ہے
اندھیرا دیکھنا	حاکم وقت پر آفت آئے یا غم فرزند اٹھانا پڑے
اونچی جگہ سے اترنا	عہدہ چھٹ جانے کا غم اور غصہ کا بیمار رہے
انجیر کھانا	مال حلال سے مالا مال ہو حاصل دولت و اقبال ہو
آسمان دیکھنا	مرتبہ بلند ہو یا فرزند ارجمند ہو
آب شورہ دیکھنا	جلد رنج میں مبتلا ہو
اولاد کھانا	موجب حیرانی ہو باعث پریشانی ہو
آب صفا دیکھنا	بزرگ سے فائدہ ملے غلہ فصل سے بلند ہو
انسان کا گوشت کھانا	مال حرام کھا کے پریشانی اٹھائے
ارگن باجا سننا	افسر خوش ہو نہایت اوج ہو
پیسہ پڑا پانا	غم کی نشانی ہے نہایت پریشانی ہے
پھول دیکھنا	کسی گل رو پر عاشق ہو
پکوڑی کھانا	غیب سے روزی پائے نعمت اچھی کھائے
آم کھانا	اولاد حاصل ہو اگر مفلس ہو تو تونگر ہو
تبدیلی دیکھنا	خلل پیش ہو سفر درپیش ہو
بادشاہ کو غصہ کرتا دیکھنا	دولت و نعمت پائے گو فقیر ہو عزت بڑھ جائے
بادام کھاتے دیکھنا	دولت سے مسرور ہو کلفت دور ہو
باغ دیکھنا	اگر سرسبزی دیکھے موجب لذت خلق ہے
بندر یا بلی کا بچہ دیکھنا	بیماری عشق سے کم ہو غم کے بیٹی کی دلالت ہے
بیمار کو دیکھنا	عبادت میں خلل ہو رنج بر محل ہے
برنج دیکھنا	خوف و تشویش ہے رنج و اندوہ درپیش ہے
پارہ ہاتھ میں دیکھنا	روپیہ بہت ہاتھ میں آئے جلد خرچ ہو جائے
بلبل دیکھنا	حاکم سے نفع کی دلیل ہے مگر قلیل ہے
برات دیکھنا	عورت کو خوشی مرد رنجور ہے
بالائی کھانا	کہیں سے مال ہاتھ آئے اور جلد خرچ ہو جائے
پان کھانا	ہم نشینوں میں خوش رہے بھائیوں میں آبرو ہو
حمام میں غسل کرنا	حاصل صحت دور مصیبت ہو
حقہ پینا	معشوق سے ہم کلام ہو مرض سے نجات ہو
حلال کرنا جانور کا	کار خیر زیادہ ہو حاکم وقت سے فائدہ ہو

پیونڈی پر دیکھنا	فرزند بلند ہو یا رتبہ بلند ہو
پیشاب خون آلا کرنا	پیٹ میں فرزند مر جائے یا بیماری سخت پائے
پیمانہ انگور دیکھنا	حرص سے نیک کاموں میں خلل ہو
پستان دیکھنا	عورت ملے دلشاد ہو یا اولاد ہو
تیر نشانی پر لگانا	امید ہے ہمقوموں میں عزت پائے
بیٹر دیکھنا	دلیل اقبال عجب یا وقتی مال ہے
تبسم کرنا	رنج پیش آئے
تعویذ پانا	آسیب سے امن پائے اگر عورت حاملہ ہو جاوے
پگڑی دیکھنا	لشکر کی سرداری پائے یا تنخواہ پیش ہو
توڑا گلے پانا	بیشک کاموں سے اجتناب کرے
ثمر خام دیکھنا	خام تحصیل کہلاوے جس کام کو کرے ناتمام رہ جائے
جنگل ہرا دیکھنا	رنج دفع ہو مسرت کا سامنا ہو جو خشک دیکھے برعکس سمجھے
جونک دیکھنا	عارضہ و رنج میں مبتلا ہو
جوہر دیکھنا	علم سے بہرہ یاب ہو
جنازہ دیکھنا	حال صحت و مسرت ہو افزونی دولت
چراغ روشن دیکھنا	عمر بڑھی اولاد شاہی کرے بیوی ملے اگر بجھا دیکھے
زراعت دیکھنا	رزق میں برکت ہو
زہار دیکھنا	کسی سے نفع پریشانی دفع ہو
زہر کھانا	غم و غصہ کھائے پریشانی اٹھائے
زندہ کو مردہ دیکھنا	جسکو دیکھے اس کی ترقی حیات دور آفات ہو

حلوا کھانا	علم اکتساب کرے جہل سے اجتناب کرنا
خبر آپ کو سوار دیکھنا	رسوائی کی نشانی ہے پریشانی پیش آتی ہے
درست سونے چاندی کے دیکھنا	بیماری علامت باعث ذلالت ہے
درخت پھولوں کا دیکھنا	روپیہ بیشمار پائے معشوق نوبہار ہاتھ آئے
دروازہ عاشق دیکھنا	عزت نیک پائے
دختر پیدا ہونا	اگر عورت دیکھے پسر ہو اور اگر مرد دیکھے دختر ہو
دہی دیکھنا	سفر پیش آئے مگر تندرست گھر واپس آئے
دیوانہ دیکھنا	فکر میں مبتلا ہو آفت کا سامنا ہو
دلدل دیکھنا	مال سے مالا مال ہو ترقی اقبال ہو
رونا	خوشی کی نشانی ہے خدائی مہربانی ہے
روتے دیکھنا	تجارت میں نفع پائے
رائی دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہو
غوطہ لگانا	فکر اندیشہ سے نجات پائے دور آفات ہووے
فصد کھلوانا	بیماری سے صحت پائے تندرست ہو جائے
رات دیکھنا	گردش زمانہ سے صدمہ اٹھائے
قسم کھانا	روزی کم ہو غم الم ہو

سر اپنا پڑا دیکھنا	سرداری لشکر پائے فتوح غیب سے ہاتھ آئے	کپڑا دھوتے دیکھنا	گناہ سے پاک ہو کبھی غمناک ہو
سانپ گود میں دیکھنا	سر کا موذی ہو تکلیف پہنچائے یا مال موذی کا ملے مگر گھاتے	کباب کھانا	فاقہ کی رفع ہو رنج سب دفع ہو
سانپ سے بات کرنا	دشمن سے نفع ہو رنج دفع ہو	گھوڑا دیکھنا	حکومت وریاست پائے یا عہدہ بڑا ہو جائے
ساگ دیکھنا	افلاس کمال ہو اہل عیال سے ملال ہو	گاجر کھانا	قوت باہ زیادہ ہو مسک سے فائدہ ہو
شربت پینا	گناہ سے توبہ کرے مرید ہونے کی نشانی ہے	گھر سونے کا دیکھنا	دشمن سے لاگ لگے گھر میں آگ لگے
شیر دیکھنا	درخت بار سے عالم کا ہمراز ہے	لوہا دیکھنا	دشمن سے سخت مقابلہ ہو یار وزر بھی سخت مشقت سے پائے
شتر بے مہار دیکھنا	بدکاری کرنے میں بیباک ہو آخر کو غمناک ہو	مینہ بکثرت دیکھنا	رحمت ایزدی نازل ہو فضل خداوندی شامل ہو
صندل دیکھنا	شادی ہو خانہ آبادی ہو	مکھی دیکھنا	مرض جراحت میں مبتلا ہو تکلیف کا سامنا ہو
طاؤس دیکھنا	عورت نازنین پائے معشوق اچھا ہاتھ آئے	مونگا دیکھنا	معشوق سرخ لب پائے راحت تن نزار پائے
عناب دیکھنا	مرض سے صحت پاوے معشوق مطلب ہاتھ آئے	ناخن بڑے دیکھنا	عشق میں مبتلا ہو جنوں کا سامنا ہو
عطر دیکھنا	دنیا میں عزت ہو عورت پاکیزہ کی صحبت ہو	ولایتی انار کھانا	مریض تندرست ہو جاوے تندرست مائدہ بڑھ جاوے
عورت دیکھنا	پریشانی کی دلیل ہے مگر قدرے قلیل ہو	ہرن دیکھنا	دختر نیک پیدا ہو یا کسی معشوق پر دل شیدا ہو۔
		ہدہد دیکھنا	حاکم رحمدل کا ملازم ہو یا سفر آخرت کا عازم
		ہنسنا	غم کی دلیل ہے مگر قدرے قلیل ہے

فصل دریافت حال دساسول میں

واضح ہو کہ عازم سفر کو دریافت کرنے دساسول کی بڑی ضرورت پڑتی ہے لہذا اس کتاب میں ایک نقشہ مقامات جو گنی دساسول معہ تاریخ دن لکھا جاتا ہے۔ ان دنوں میں نہ جانا چاہیئے اور اگر ضرورت ہو تو اشیاء مرقومہ نقشہ رکھا کر جاوے۔

نقشہ مرقومہ یہ ہے

سمت	روانگی	ہندی اور قمری تاریخیں	دن		
پورب	مشرق	۱ ۹ ۷ ۱۴ پڑوا نومی ۲ ۳ ۹ ۳	دوشنبہ یعنی پیر	کالی مرچ	سواری دساسول فیل سوار
اوتر	شمال	۲۰ ۱۰ ۲۳ ۲ دوج و دسمی ۵ ۸	چہار شنبہ یعنی بدھ	گوشت یا دودھ	گھوڑا سوار
اگن	اگنی	۳ ۱۱ ۱۹ تیج ایکادشی ۶ ۱۴ ۶	شنبہ دوشنبہ یعنی ہفتہ و پیر	آئینہ دیکھ کر	آتش سوار
نیرت	نیرت	۴ ۱۲ ۲ ۱۶ چوتھ دوادشی ۱۷ ۲۵	جمعہ	رائی	سگ سوار
دکھن	جنوب	۵ ۱۳ ۳ ۱۱ پنچمی تردوش ۳ ۱۱	پنجشنبہ یعنی جمعرات	دہی	شیر سوار
پچھم	مغرب	۶ ۱۴ ۴ ۱۳ چھٹھ چودس ۲۹ ۲۷	یکشنبہ و جمعہ یعنی اتوار	پان	گاؤ سوار
بائب	بائب	۷ ۱۵ ۵ ۱۳ ستمی پورنماشی	دوشنبہ سہ شنبہ چہار شنبہ منگل بدھ پیر	قند	خر سوار
ایسان	ایسان	۸ ۱۶ ۶ ۲۰ اشٹمی اماوس ۲۸		لونگ	شتر مرغ سوار

فہرست نقش روحانی

	پہلا شامل ہے اوپر چار فصلوں کے				
صفحہ	فصل قواعد عامہ میں	صفحہ ۳	فصل برجوں کی صورتوں کے بیان میں		فصل طالع کے بیان میں

دوسرا منقسم ہے اوپر چھ فصلوں کے

۳ فصل ۱ فرشتوں اور ان کے بیان میں ۵
۴ فصل ۲ ساعتوں کی دریافت کرنے میں ۵
فصل ۳ ستہ مکعش میں ۵
۵ فصل ۴ بخورات میں
۵ فصل ۵ قانون سمندر کی بیعت میں
۶ فصل ۶ واسطے ہر کام کے تعین اللہ میں

تیسرا اس میں دو فصلیں ہیں

۶ فصل ۱ ابجد میں
۷ فصل ۲ حروف تہجی کے بیان میں

چوتھا منقسم اوپر تین فصلوں کے

۷ فصل اقسام تعویذات
۷ فصل تعویذ لکھنے میں
فصل نقش مجرب لکھنے میں

اس میں اٹھارہ فصلیں ہیں۔

۸ فصل ۱ حاجات اور فتوحات غیبی میں
۱۱ فصل ۲ وسعت رزق میں
۱۲ فصل ۳ حب میں
۱۳ فصل ۴ بغض میں
۱۴ فصل ۵ زبان بندی میں
۱۵ فصل ۶ خواب بندی میں
۱۴ فصل ۷ تیغ بندی میں
۱۷ فصل ۸ حاضر ہونے غائب کے بیان میں
۱۷ فصل ۹ بھاگے بندی میں
۱۷ فصل ۱۰ پہچاننے چور میں
۱۸ فصل ۱۱ رہائی محبوس میں
۱۸ فصل دفع جن و پری [illegible] میں
۱۹ فصل ۱۳ دفع سحر میں
۲۰ فصل ۱۴ دفع زخم چشم میں
۲۱ فصل دفع گریہ اطفال میں
۲۱ فصل دریافت حال مریض میں
۲۳ فصل شفاء امراض و قوت باہ و اسقاط میں
۲۴ فصل عملیات متفرق میں

چھٹا اس میں نو فصلیں ہیں

فصل منتروں کے بیان میں
فصل بیان پھڑکنے اعضاء میں
فصل خواص تعویذ کے میں
فصل خواص عطر میں
فصل خواص عبنی میں
فصل فالناموں میں
فصل بیان حال سمندر یگیہ میں
فصل بیان تعبیر نامہ خواب میں
فصل دریافت حال دساعل میں

ملنے کا پتہ:

ملک دین محمد اینڈ سنز تاجران کتب
کشمیری بازار لاہور